AkzoNobel



# The winning formula

## ہمارا ضابطۂ اخلاق

(ورژن 2023)

# Content

2 **ہمارے CEO کی طرف سے ایک پیغام**

**The winning formula ہمارا ضابطۂ اخلاق**

3 یہ ہمارا ضابطۂ اخلاق ہے

4 ہمارا ضابطۂ اخلاق کیوںاہم ہے

5 یہ سب ایک ساتھ کسطرح منطبق ہوتے ہیں

6 **تحفظ**

9 **ایمانداری**

13 **تحفظپسندی**

16 **یہ صحیح کام کرنے سے متعلق ہے**

# ہمارے CEO کی طرف سے ایک پیغام



**At AkzoNobel, we're passionate about making and selling paint. We strive to be the best, calling on centuries of expertise. However, being a true leader is about more than delivering the best products and performing well financially. It's also about being a responsible employer and a reliable business partner. So it's important that our colleagues, employees, customers and partners know what to expect from us.**

To help us carry out our business in the right way, we've identified three core values – safety, integrity and sustainability. They sit at the heart of everything we do and underpin our Code of Conduct – which sets out the standards and behaviors expected from everyone in the company.

Our Code of Conduct is there to help us make the right choices. It guides our everyday activities as we put our core values into practice. It guides our decision-making and extends to those with whom we do business.

It also gives us the confidence to make the right decisions. Sometimes, this might mean walking away from a business opportunity, especially if it doesn't meet our high standards. Because at AkzoNobel, we don't cut corners – we do business in a safe, honest and sustainable way. We know it takes courage, integrity and determination to do what's right. We're also there to support you. So if at any stage you're uncertain about something, please reach out to your manager.

All of us should feel a sense of ownership for our Code of Conduct, because complying with the standards it lays out is a condition of working for and with AkzoNobel. This is who we are and what we stand for.

**Greg Poux-Guillaume**
CEO

# یہ ہمارا ضابطۂ اخلاق ہے

ہمارا ضابطہ ہمیں بتاتا ہے کہ ہم کس چیز کی نمائندگی کرتے ہیں۔

یہ ہماری بنیادی اقدار اور اس چیز کی وضاحت کرتا ہے کہ وہ عملی طور پر کیا معنی رکھتے ہیں۔

یہ تحدید کرتا ہے کہ ہم کیا کریں گے اور کیا نہیں کریں گے۔

## یہ ہماری بنیادی اقدار ہیں

## تحفظ

**ہم اپنے ساتھیوں اور اور ایسے ہر ایک شخص کے تحفظ کا دھیان رکھتے ہیں جس کے ساتھ ہم معاملہ کرتے ہیں، اور لوگوں، کارروائی اور مصنوعہ کے تحفظ پر توجہ دیتے ہیں۔**

- ہم حفاظتی اصولوں اور کارروائیوں پر عمل کرتے ہیں
- ہم زندگی بچانے والے اصولوں پر عمل کرتے ہیں
- اگر رویہ یا حالات غیر محفوظ ہوں تو ہم کام روک دیتے ہیں
- ہم مصنوعات محفوظ طریقہ سے بناتے اور تقسیم کرتے ہیں
- ہم تحفظ سے متعلق تشویشات کی اطلاع فوری طور پر دیتے ہیں

## ایمانداری

**ہم اپنا کاروبار معقول اور ایماندارانہ طریقہ سے کرنے کے بارے میں دھیان دیتے ہیں۔**

- ہم معقول اور ایماندارانہ طریقہ سے مقابلہ آرائی کرتے ہیں
- ہم تجارتی پابندیوں پر دھیان سے عمل کرتے ہیں
- ہم ذاتی اور خفیہ معلومات کی حفاظت کرتے ہیں
- ہم کاروبار اور ذاتی مفادات کے مابین ایک واضح خط فاصل رکھتے ہیں
- ہم کمپنی کی املاک کی دیکھ بھال کرتے ہیں اور اسے موزوں طریقہ سے استعمال کرتے ہیں
- ہم کمپنی کی پالیسیوں کے مطابق ریکارڈز رکھتے ہیں
- ہم دھوکا دہی سے ہوشیار رہتے ہیں اور مشتبہ کارروائی کی اطلاع دیتے ہیں
- ہم پیشہ ورانہ انداز میں مواصلات کرتے ہیں

## تحفظپسندی

**ہم اپنے ماحول، اپنے ساتھیوں، اپنے کاروباری شراکت داران اور ان کمیونٹیز کی پرواہ کرتے ہیں جن میں ہم کام کرتے ہیں۔**

- ہم انسانوں کے حقوق جانتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ وقار اور احترام کا معاملہ کرتے ہیں
- ہم منصفانہ طریقہ سے ملازمین کی تقرری اور نظم کرتے ہیں
- ہم اس کا ماحولیاتی اثر کم کرتے ہیں جو ہم کرتے ہیں
- ہم ان کی تشویشات پر توجہ دیتے ہیں جو ہمارے آپریشنز سے متاثر ہوتے ہیں
- ہم ان کمیونٹیز کو بدلے میں کچھ دیتے ہیں جن میں ہم آپریٹ کرتے ہیں
- ہم ان کاروباری شراکت داران کے ساتھ کام کرتے ہیں جو ہماری اقدار میں شریک ہوتے ہیں

# ہمارا ضابطۂ اخلاق کیوں اہم ہے

## ایک معیار

اس سے ہمیں صحیح فیصلے لینے میں مدد ملتی ہے اور یہ دکھاتا ہے کہ ہم کس چیز کی نمائندگی کرتے ہیں

## ایک قابل اعتماد شراکت دار

یہ ہمارے گاہکوں، کاروباری شراکت داران اور حکام کو دکھاتا ہے کہ وہ صحیح کام کرنے کے لیے ہم پر اعتماد کر سکتے ہیں

## ہماری منڈی میں ساکھ

یہ منڈی اور ان کمیونٹیز میں ہماری ساکھ کی تائید کرتا ہے جن میں ہم، ایک کاروبار اور آجر کی حیثیت سے، کام کرتے ہیں

## ضابطۂ اخلاق کیا ہے؟

ضابطہ اس طریقہ کی وضاحت کرتا ہے جس طریقہ سے ہم ہر روز اپنی بنیادی اقدار کا پاس رکھتے ہیں۔ چاہے آپ AkzoNobel کے لیے یا اس کے ساتھ کام کرتے ہوں، یہ وہ ذمہ داریاں اور رویے ہیں جن کی ہم آپ سے توقع کرتے ہیں۔ یہ ایک ایسا مشترک معیار ہے جس پر ہم سب کو فخر ہو سکتا ہے، اور جو ہمارے اصول و ضوابط (پالیسی پورٹل) کا ایک لازمی حصہ ہے۔ آپ کو اس بارے میں مزید جانکاری کے لیے ان کا استعمال کرنا چاہیے کہ یہ ضابطہ آپ پر کس طرح لاگو ہوتا ہے۔

## ضابطۂ اخلاق کس کے لیے ہے؟

ہر اس شخص کے لیے اس ضابطہ پر عمل کرنا لازمی ہے جو AkzoNobel کے لیے کام کرتا ہے، خواہ وہ کوئی ملازم ہو یا ٹھیکیدار ہو۔ ہمارے پاس کاروباری شراکت دار کا ضابطۂ اخلاق بھی ہے، جو انہیں اقدار پر مبنی ہے، جو ہمارے شراکت داران کی ذمہ داریوں کا احاطہ کرتا ہے، جس میں سپلائرز، تقسیم کاران اور ایجنٹ بھی شامل ہیں۔

## ہم سے کس چیز کی توقع کی جاتی ہے؟

ہم میں سے ہر ایک کو ضابطۂ اخلاق، اس کی پالیسیوں اور اس بارے میں سمجھنے کی ضرورت ہے کہ نتیجہ کے طور پر ہمیں کس طرح برتاؤ کرنا چاہیے۔ اگرچہ آپ کو اپنے مخصوص کردار پر ضابطہ کے کچھ حصوں کا اطلاق کرنا آسان لگ سکتا ہے، تاہم یہ اہم ہے کہ آپ کسی بھی ایسے حصہ کے بارے میں سوالات پوچھیں جس کے بارے میں آپ کو یقینی جانکاری نہیں ہے۔ اگر آپ کو کسی مسئلہ کا واضح جواب نہیں مل پاتا ہے تو اچھے فیصلہ کا استعمال کریں اور اگر ضرورت ہو تو اپنے منیجر سے اس پر بات کریں۔ اور، اگر آپ منیجر ہیں تو، آپ بھی ایک رول ماڈل ہیں۔ یہ سمجھنے میں اپنی ٹیم کی مدد کریں کہ ہماری اقدار کا پاس کس طرح رکھیں اور ان کے رویہ کے لیے انھینجوابدہ بنائیں۔

## اگر ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی جاتی ہے تو کیا ہوگا؟

ضابطہ کی تعمیل میں ناکامی، برخاستگی سمیت، انضباطی کارروائی کا باعث بن سکتی ہے۔ اگر آپ کو کوئی خلاف ورزی نظر آتی ہے تو اسے متعلقہ فرد، اپنے منیجر، یا اسپیک اپ (SpeakUp) کے سامنے بروقت ظاہر کریں! آپ کو اس ضابطہ کے اخیر میں مزید رہنمائی مل سکتی ہے۔

# یہ سب ایک ساتھ کسطرح منطبق ہوتے ہیں

### رویے
ہم اپنے اہداف حاصل کرنے کے لیے کس طرح کا رویہ اپناتے ہیں۔

**پینٹ کرنے کا جذبہ**
گاہک کو ترجیح دیں

**قطعی کارروائیاں**
نظم و ضبط کے ساتھ انجام دیں

**مؤثر کارکردگی**
وعدوں کے مطابق کام کریں

**فخر کرنے والے لوگ**
ذمہ داری لیں

### بنیادی اقدار
ایک کمپنی کی حیثیت سے ہم کس چیز کی نمائندگی کرتے ہیں۔

تحفظ

خلوص

استحکام

**ضابطۂ اخلاق**
اس سے وہ معیار جن کا ہم پاس رکھتے ہیں اور ہر ملازم کی ذمہ داریاں طے ہوتی ہیں اور کاروباری شراکت دار ان پر عمل کرتے ہیں۔

**پالیسی پورٹل**
وہ تفصیلی پالیسیاں، اصول اور طریق کار پیش کرتا ہے جن پر ہمارے لیے AkzoNobel کے لیے کام کرتے وقت عمل کرنا لازمی ہے۔

## مجھے مزید رہنمائی کہاں مل سکتی ہے؟

**پالیسی پورٹل** تمام پالیسیوں، اصول اور ضوابط کے ساتھ ساتھ ضابطۂ اخلاق کے لیے آپ کا ون-اسٹاپ انٹرانیٹ پوائنٹ ہے۔
یہ دستاویزات، جن میں سے زیادہ تر واجبی ہیں، پوری کمپنی میں نظم و نسق، ہم آہنگی اور عملی عمدگی لاتی ہیں۔



# تحفظ

ہم اپنے ساتھیوں اور ایسے ہر ایک کے تحفظ کی پرواہ کرتے ہیں جس کے ساتھ ہم معاملہ کرتے ہیں، اور لوگوں، مصنوعہ اور کارروائی کے تحفظ پر توجہ دیتے ہیں۔

- ہم حفاظتی اصولوں اور ضابطوں پر عمل کرتے ہیں
- ہم زندگی بچانے والے اصولوں پر عمل کرتے ہیں
- ہم کام روک دیتے ہیں، اگر رویہ یا حالات غیر محفوظ ہوں
- ہم حفاظت کے ساتھ مصنوعات تیار اور تقسیم کرتے ہیں
- ہم تحفظ سے متعلق معاملات کی فورا اطلاع دیتے ہیں

## ہمارا ہدف صفر چوٹ اور سنگین معاملات حاصل کرنا ہے۔ ہم ایسا لوگوں، مصنوعہ اور کارروائی کے تحفظ میں مستقل اور سرکردہ معیارات کا استعمال کرتے ہوئے کرتے ہیں۔ جو بھی سیاق ہو، ہم تحفظ سے متعلق قوانین کی تعمیل کے تئیں عہدبند ہیں، اور ہم سب کمپنی کی تحفظ کی کارکردگی میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

### لوگوں کا تحفظ

صحت اور تحفظ کے لیے ہم سب ذمہ دار ہیں۔ ہم چوٹوں سے بچنے کے آلات، طریق کار اور تربیت فراہم کر کے اپنے آپریشنز محفوظ طریقہ سے چلانے کے تئیں عہدبند ہیں۔ خواہ ہم کام پر ہوں، گاہکوں سے مل رہے ہوں یا سفر کر رہے ہوں، ہم ہر وقت تحفظ سے متعلق اصول و ضوابط پر عمل کرتے ہیں۔ ہم اپنی تحفظ کی کارکردگی کو مسلسل بہتر بنانے کے لیے چوٹوں اور تحفظ سے متعلق معاملات کی اطلاع دیتے ہیں۔

### مصنوعہ کا تحفظ

مصنوعہ کا تحفظ، لوگوں کو خطرات کی زد میں آنے سے بچاتے ہوئے اور خطرناک مواد کا نظم کرتے ہوئے، انضباطی تعمیل کا احاطہ کرتا ہے۔ ہم اپنی مہارت کو کسی مصنوعہ کی پوری لائف-سائیکل کے دوران اس کی صحت، تحفظ اور ماحولیاتی پہلوؤں کو ذمہ داری کے ساتھ منظم کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ہم مصنوعہ پر مناسب طریقہ سے لیبل لگاتے ہیں اور مصنوعہ کو سنبھالنے کی شرائط سے متعلق اچھی طرح بات چیت کرتے ہیں، اکثر ایسا کرنے کے لیے کسی قانونی شرائط سے آگے بڑھ کر۔

### کارروائی کا تحفظ

کارروائی کے تحفظ کا نظم ان چوٹوں، فضلہ اور نقصان کے آپریشنل خطرات کی تشخیص، نظم اور ان کے بارے میں بات کرنے کا ایک منظم طریقہ ہے جو اس کام کے نتیجہ میں سامنے آسکتے ہیں جو ہم کرتے ہیں۔ اس میں ہماری تحقیق، مینوفیکچرنگ اور ٹرانسپورٹ کی سرگرمیوں سے جڑے ہوئے خطرات شامل ہیں۔ کام کے محفوظ طریقے آپریٹ کرنے کا لائسنس ہیں۔ ہم مقامی کارروائی کے ضابطوں پر عمل کرتے ہیں، اور ہم کسی بھی خطرات کی فوری شناخت اور اطلاع کرتے ہیں ، تاکہ ہم خطرات پر قابو پا سکیں اور اپنی حفاظت کی کارکردگی میں مسلسل بہتری لا سکیں۔




ہم اپنے سنہری اصول کے ساتھ ان زندگی بچانے والے اصولوں کی تائید کرتے ہیں:
**اگر حالات یا رویہ غیر محفوظ ہوں تو ہمارے لیے ہمیشہ کام روک دینا لازمی ہے۔**

### زندگی بچانے والے اصول


ہم نے زیادہ حفاظتی خطرے والا کام کرتے وقت خود کو محفوظ رکھنے کے لیے زندگی بچانے والے آٹھ اصولوں کی تعریف کی ہے۔




جب ضرورت ہو تو باضابطہ کام کے اجازت نامہ کے ساتھ کام کریں




کام شروع ہونے سے پہلے جانچ کریں کہ آلہ الگ تھلگ کر دیا گیا ہے




اونچائی پر کام کرتے وقت گرنے سے تحفظ کا استعمال کریں




حفاظتی آلہ کو غیر فعال کرنے سے پہلے منظوری حاصل کریں




کسی بند جگہ میں داخلہ کے لیے اجازت نامہ حاصل کریں



موٹر گاڑیوں میں سیٹ بیلٹ پہنیں، اگر فراہم کیے گئے ہوں



یقینی بنائیں کہ چلنے والی مشینری کی نگرانی کی جا رہی ہو



مقام کار پر الکحل یا منشیات نہ استعمال کریں

زندگی بچانے والے اصول ہم سب پر لاگو ہوتے ہیں۔ ہم زندگی بچانے والے اصولوں کی خلاف ورزیوں کے تئیں صفر برداشت کا استعمال کرتے ہیں۔



# ”میں جانتا ہوں کہ ہم کس چیز کی نمائندگی کرتے ہیں“

غازی، تحقیق اور ترقی

**سوال**

آپ کوئی حفاظتی ہدایات وصول کیے بغیر نئی مشینری چلانے والے ہیں۔ آپ کا سپروائزر آپ سے کہتا ہے کہ آپریٹنگ کے طریق کار ابھی تک لکھے نہیں گئے ہیں، لیکن آپ کو بہرحال آگے بڑھنا چاہیے۔ کیا آپ کو آگے بڑھنا چاہیے اور مشینری استعمال کرنی چاہیے؟

**جواب**

نہیں۔ آپ کے لیے پہلے طریق کار کے بارے میں تربیتحاصل کرنا لازمی ہے۔

**سوال**

ایک ہمکار مشین کے چلنے کے دوران سیفٹی گارڈ ہٹا دیتا ہے۔
وہ کہتا ہے کہ بیلٹ کی رکاوٹ دور کرنے کے لیے یہ ضروری ہے۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟

**جواب**

نہیں۔ مشین چالو ہونے کے دوران سیفٹی گارڈز نہیں ہٹائے جا سکتے ہیں۔ سنہری اصول کا استعمال کریں اور مشین فورا روک دیں۔

**سوال**

آپ ایک آفس ورکر ہیں جو فیکٹری کا دورہ کرتے ہیں اور کسی ٹھیکیدار کو سیفٹی ہارنیس کے بغیر ایسی اونچی جگہ پر کام کرتے ہوئے دیکھتے ہیں جہاں اس کی ضرورت ہے۔ آپ کیا کریں گے؟

**جواب**

مقامی سپروائزر سے بات کریں، اگر دستیاب ہو۔ اگر نہیں تو ٹھیکیدار کو بحفاظت نیچے اترنے کے لیے کہیں اور اونچائی پر کام کرتے وقت فال پروٹیکشن کا استعمال کرنے کے لیے ہمارے حفاظتی اصولوں اور لازمی شرط کی وضاحت کریں۔ اس خلاف ورزی کی اطلاع مقامی انتظامیہ کو دیں۔



# ایمانداری

## ہم اپنا کاروبار منصفانہ اور ایماندارانہ طریقہ سے چلانے کے بارے میں پرواہ کرتے ہیں۔

- ہم منصفانہ اور ایماندارانہ طریقہ سے مقابلہ آرائی کرتے ہیں
- ہم تجارتی پابندیوں پر دھیان سے عمل کرتے ہیں
- ہم ذاتی اور خفیہ معلومات کی حفاظت کرتے ہیں
- ہم کاروبار اور ذاتی مفادات کے مابین ایک واضح خط فاصل رکھتے ہیں
- ہم کمپنی کی املاک کی دیکھ بھال کرتے ہیں اور اسے موزوں طریقہ سے استعمال کرتے ہیں
- ہم کمپنی کی پالیسیوں کے مطابق ریکارڈز رکھتے ہیں
- ہم دھوکا دہی سے ہوشیار رہتے ہیں اور مشتبہ کارروائی کی اطلاع دیتے ہیں
- ہم پیشہ ورانہ انداز میں مواصلات کرتے ہیں

# ہمارا انفرادی اور اجتماعی رویہ ہر اس شخص کی رائے کی تشکیل کرتا ہے جس کے ساتھ ہم معاملہ کرتے ہیں۔ اس کی وجہ سے ہم جہاں بھی کام کرتے ہیں وہاں تمام قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرتے ہوئے منصفانہ اور ایماندارانہ طریقہ سے عمل کرتے ہیں۔ ہم سب کمپنی کی سالمیت اور ساکھکی حفاظت کرنے میں تعاون کرتے ہیں۔

## ایماندارانہ کاروباری طرز عمل

ہم اعلی اخلاقی اور قانونی معیار کا اطلاق کرنے کے تئیں عہدبند ہیں۔ ہم منصفانہ طریقہ سے اور ایمانداری کے ساتھ کاروبار کرتے ہیں۔ ہم رشوت دینے، اس کی پیش کش کرنے یا منظوری دینے یا کسی بھی قسم کا غیر اخلاقی کاروباری عمل انجام دینے سے گریز کرتے ہیں۔ ہم تسہیلی ادائیگیاں نہیں کرتے ہیں۔

ہم اپنی مصنوعات کی خصوصیات کی بنیاد پر مقابلہ آرائی کرنے میں یقین رکھتے ہیں۔ یہ یقینی بنانا ہم میں سے ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ ہم شراکت داران کے ساتھ اپنے معاملات معروضی فیصلوں پر مبنی رکھیں اور تحائف یا تفریح سے متاثر نہ ہوں۔ ضروری ہے کہ دئے جانے والے یا وصول ہونے والے تمام تحائف اور تفریحات معمولی قدر و قیمت کے حامل ہوں اور کاروباری رشتہ کے لیے موزوں ہوں۔ ہم اپنی کارروائیوں کے لیے منظوری لیتے ہیں۔

## معقول مقابلہ آرائی

ہم آزاد اور معقول مقابلہ آرائی کی تائید کرتے ہیں۔ ہم اپنے گاہکوں کی ضروریات کو اپنے حریفوں سے زیادہ جلدی، زیادہ بہتر اور زیادہ مخصوص طریقہ سے پورا کرنے کا ہدف رکھتے ہیں۔ اس لیے ہم مسابقتی قوانین کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے سخت، لیکن منصفانہ طریقہ سے مقابلہ آرائی کرتے ہیں۔

ہم مسابقتی قوانین اور خود اپنے اصولوں کی سخت تعمیل کی پالیسی برقرار رکھتے ہیں۔ ہم ایسے معاہدے اور پریکٹسیز نہیں کرتے ہیں جن سے مقابلہ آرائی پر نقصان دہ اثر پڑتا ہو، جیسے قیمت کی تعیین، مارکیٹ کی تخصیص یا غالب پوزیشن کا غلط استعمال۔ ہم اپنی مصنوعات کو منصفانہ اور متوازن انداز میں فروغ دیتے ہیں، ایسی معلومات کے ساتھ جو ہمارے داخلی مارکیٹنگ کے جائزہ کے طریق کار کے واسطہ سے منظور شدہ ہو۔

## تجارتی کنٹرولز

ہم ایک ایسی دنیا میں بین الاقوامی کاروبار کرتے ہیں جس میں تجارتی پابندیاں پائی جاتی ہیں۔ کچھ ممالک ایسے تجارتی کنٹرولز رکھتے ہیں جو سرحدوں کے پار مخصوص کاروباری سودوں اور سامان کی نقل و حرکت کو محدود کرتے ہیں۔ ہم ان تمام تجارتی کنٹرولز کی تعمیل کرتے ہیں جو ہمارے کاروبار پر لاگو ہوتے ہیں، اور کسٹمز اور دیگر متعلقہ حکام کو اپنے کاروبار سے متعلق درست اور سچی معلومات فراہم کرتے ہیں۔

## خفیہ معلومات

یہ بہت ضروری ہے کہ ہم کمپنی کی دانشورانہ املاک اور خفیہ معلومات کی حفاظت کریں۔ اس میں کاروباری حکمت عملی، تکنیکی جانکاری، مالی معلومات، گاہکوں کی فہرستیں اور پاس ورڈز بھی شامل ہیں۔ ہم اپنے اثاثوں کی قدر و قیمت کی تباہی اور اپنے کاروباری آپریشنز اور ساکھ کو نقصان پہنچانے سے بچانے کے لیے غیر مجاز انکشاف کے خلاف خفیہ معلومات کی حفاظت کرتے ہیں۔

ہم دوسروں کی دانشورانہ املاک کا بھی احترام کرتے ہیں۔ ہم اس خفیہ معلومات کی حفاظت کرتے ہیں جو ہمیں فراہم کی جاتی ہے اور صرف اسی صورت میں اسے استعمال کرتے ہیں جب ہم نے ایسا کرنے کی اجازت حاصل کر لی ہو۔

## ذاتی ڈیٹا

ہم ملازمین، گاہکوں اور کاروباری شراکت داران کے ذاتی ڈیٹا کی حفاظت کے تئیں عہدبند ہیں۔ ہم قابل اطلاق قوانین اور ہمارے اپنے رازداری کے اصولوں کے مجموعہ کی تعمیل کرتے ہیں جو یقینی بناتے ہیں کہ ہم ذاتی ڈیٹا کے ساتھ اعلی درجہ کی دیکھ بھال کا معاملہ کریں۔ ہم یہ یقینی بنانے کے لیے ان اصولوں کی تعمیل کرتے ہیں کہ ہم ذاتی ڈیٹا جائز کاروباری مقاصد کے لیے رکھتے ہیں، اور یہ کہ ہم جانتے ہیں کہ ہم ذاتی ڈیٹا کب اور کس طرح جمع کریں، استعمال کریں یا بانٹیں۔

## مفاد کے ٹکراؤ سے بچنا

کمپنی کے بہترین مفادات میں فیصلے کرنا ہم میں سے ہر ایک کی ذمہ داری ہے، اور ہم سمجھتے ہیں کہ مقام کار پر ہمارے فیصلے ذاتی یا نجی تحفظات سے ہرگز متاثر نہیں ہونے چاہئیں۔ اگر کسی ممکنہ ٹکراؤ کے پائے جانے کی امید ہے یا لگتا ہے کہ پائے جانے کی امید ہے تو ہم اپنے منیجر سے اس پر بات کرتے ہیں۔

ہم اپنی ذاتی صلاحیت کے مطابق سیاسی اور جمہوری کارروائیوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ ہم پیشہ ورانہ اور سیاسی مفادات کو علیحدہ رکھتے ہیں۔ ایک کمپنی کی حیثیت سے، ہم سیاسی جماعتوں کو یا سیاسی مہم کی کوششوں میں مالی یا دیگر تعاون فراہم نہیں کرتے ہیں۔

## حصص میں تجارت کرنا

اگر ہم داخلی معلومات سے آگاہ ہیں تو ہم کمپنی میں حصص یا سکیورٹیز میں، خود یا کسی اور کے واسطہ سے، معاملات نہیں کرتے ہیں۔ معلومات کے اندر ایسی معلومات ہوتی ہے جو ہمارے حصص یا سکیورٹیز کی قیمت یا قدر پر قابل لحاظ اثر ڈال سکتی ہے، اگر یہ کمپنی کے باہر معروف رہی ہو۔

ہم دوسری کمپنیوں کے حصص یا سکیورٹیز میں تجارت کرنے کے لیے ایسی معلومات استعمال نہیں کرتے ہیں یا ایسی معلومات کسی اور کو فراہم نہیں کرتے ہیں سوائے اس کے کہ قانون کی رو سے اجازت ہو اور یہ ہمارے شیئر ڈیلنگ کوڈ کے مطابق ہو۔ یہاں تک کہ اگر ہمارے پاس داخلی معلومات نہیں ہیں تو ہمیں اپنی حیثیت کی وجہ سے یا کمپنی کے ساتھ اپنے رشتہ کے واسطہ سے کمپنی کے حصص یا سکیورٹیز کے ضمن میں معاملہ کرنے سے روکا جا سکتا ہے۔

## کمپنی کے وسائل

کمپنی کی املاک، وسائل اور معلوماتی سسٹمز کی حفاظت کرنا اور یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ وہ ہمیشہ محفوظ رکھے جائیں۔ ہم ان اثاثوں کا استعمال موزوں طریقہ سے اور ذمہ داری کے ساتھ کرتے ہیں، اور انہیں اتلاف، نقصان یا غلط استعمال سے بچاتے ہیں۔ ہم اثاثوں اور وسائل کا استعمال ان کے مطلوبہ کاروباری مقصد کے لیے کرنے کا دھیان رکھتے ہیں۔

## ریکارڈ رکھنا

یہ یقینی بنانا ہم میں سے ہر شخص کا فرض ہے کہ ہم اپنی کاروباری سرگرمیوں سے متعلق جو ریکارڈ رکھتے ہیں وہ درست، مکمل اور تازہ ترین ہیں۔ کمپنی کے کاروباری مفادات کے تحفظ کے لیے ریکارڈوں کا مؤثر اور درست انتظام لازمی ہے۔ ہم دستاویزات تیار کرتے وقت داخلی اصولوں اور رہنما اصولوں پر عمل کرتے ہیں اور یقینی بناتے ہیں کہ ہم دستاویزات رکھنے کی پالیسیوں کے مطابق ریکارڈز کو محفوظ طریقہ سے رکھیں یا انہیں تباہ کر دیں۔

## دھوکا دہی کو روکنا

ہمارے پاس دھوکا دہی کی روک تھام کے لیے جامع کاروباری کنٹرولز کا ایک مجموعہ موجود ہے۔ ہم یہ یقینی بنانے کے لیے داخلی منظوری کی تمام کارروائیوں اور اکاؤنٹنگ اور مالی رپورٹنگ کے اصولوں پر عمل کرتے ہیں کہ ہم تمام سودوں کا صحیح طریقہ سے ریکارڈ رکھیں اور ہم یقینی بناتے ہیں کہ جہاں موزوں ہو وہاں وہ نظرثانی کے تابع رہیں۔

ہم جرائم کو چھپانے کے لیے کمپنی کے وسائل کے کسی بھی استعمال کی روک تھام کے لیے منی لانڈرنگ کے خلاف قوانین کی پابندی کرتے ہیں۔ ہم دھوکا دہی کے خطرات سے ہوشیار رہتے ہیں، اور ہم کسی بھی مشتبہ سودے یا سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر دیتے ہیں۔

## مناسب مواصلات

تمام قانونی اور کاروباری ذمہ داریوں پر عمل کرتے ہوئے، ہم ایک کھلے، حقائق پر مبنی اور بر محل انداز میں مواصلات کرنے کے تئیں عہدبند ہیں۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہم قانون کی تعمیل کرتے ہیں اور کمپنی کے مفادات کی حفاظت کرتے ہیں، ہم میڈیا کی انکوائریز ان لوگوں کے پاس بھیجتے ہیں جو کمپنی کی طرف سے بات کرنے کے مجاز ہیں۔

ہم میں سے ہر ایک ہماری کاروباری مواصلات پر دھیان سے غور کرتا ہے، اس طریقہ سے قطع نظر جو ہم مواصلات کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں، اور یہ یقینی بناتے ہیں کہ وہ اعلی معیار پر پورا اترتا ہو۔ ہم میں سے ہر ایک جب سوشل میڈیا کا استعمال کرتا ہے تو صوابدید اور عمومی سمجھ بوجھ کا استعمال کرتا ہے اور ہمیشہ کمپنی کی ہدایات پر عمل کرتا ہے۔



# ”میں ذمہ دار ہوں“

ایشلے، کسٹمر مارکیٹنگ

**سوال** **ایک کنسلٹینٹ جس کے ساتھ میں باقاعدگی سے کام کرتا ہوں اس کے پاس کھیلوں کے ایک پروگرام کے ٹکٹ ہیں اور وہ مجھے ساتھ آنے کی دعوت دیتا ہے۔ کیا میں قبول کر سکتا/سکتی ہوں؟**

**جواب** صرف اس صورت میں جب یہ انتظام معمولی قدر و قیمت کا حامل ہو، اس کا مقصد کسی کاروباری فیصلہ پر اثر انداز ہونا نہ ہو، اور آپ کے منیجر کی طرف سے اس کی منظوری دی گئی ہو۔

**سوال** **ایک دوست اپنی کمپنیکیخدمات کی پیش کش کر رہا ہے۔ کیا میں خدمات حاصل کر سکتا ہوں؟**

**جواب** صرف اس صورت میں جب حصول کی ایک منصفانہ اور شفاف کارروائی پائی جاتی ہو اور اس فیصلہ کو انتظامیہ نے منظوری دی ہو اور یہ ذاتی مفادات سے متاثر نہ ہو۔

**سوال** **میں سرحد پر ہوں۔ ایک کسٹم آفیسر کچھ نقدی کے عوض مجھے فاسٹ-ٹریک انٹری کی پیش کش کرتا ہے۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟**

**جواب** نہیں۔ یہ ایک تسہیلی ادائیگی کی طرح لگتا ہے، سوائے اس کے کہ یہ ایک سرکاری فاسٹ-ٹریک سروس ہو جس کے لیے آپ کو سرکاری رسید ملے۔



# تحفظ پسندی

## ہم اپنے ماحول، اپنے ساتھیوں، اپنے کاروباری شراکت داران اور ان کمیونٹیز کی پرواہ کرتے ہیں جن میں ہم کام کرتے ہیں۔

- ہم انسانوں کے حقوق جانتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ وقار اور احترام کا معاملہ کرتے ہیں
- ہم منصفانہ طریقہ سے ملازمین کی تقرری اور نظم کرتے ہیں
- ہم اس کا ماحولیاتی اثر کم کرتے ہیں جو ہم کرتے ہیں
- ہم ان کی تشویشات پر توجہ دیتے ہیں جو ہمارے آپریشنز سے متاثر ہوتے ہیں
- ہم ان کمیونٹیز کو بدلے میں کچھ دیتے ہیں جن میں ہم آپریٹ کرتے ہیں
- ہم ان کاروباری شراکت داران کے ساتھ کام کرتے ہیں جو ہماری اقدار میں شریک ہوتے ہیں

## اگر ہم آنے والی نسلوں کے لیے ایک صحتمند سیارہ چھوڑنا چاہتے ہیں تو ہمیں ہر اس کام میں زیادہ تحفظ پسند ہونا چاہیے جو ہم کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے گاہکوں اور سپلائرز کے ساتھ کام کرتے ہوئے ایسے اہم حل تیار کرنا جو کم وسائل کے ساتھ زیادہ کام کریں۔ اس کا مطلب خود کو اور اپنے ساتھیوں کو مسلسل آگے بڑھانا بھی ہے۔ ہم میں سے ہر ایک کام کرنے کے لیے ایک پرکشش جگہ بنانے اور کمپنیکی تحفظ پسندانہ کامیابی میں تعاون کے لیے اپنا کردار ادا کرتا ہے۔

### انسانی حقوق

ہم تمام لوگوں کے انسانی حقوق کو تسلیم کرتے ہیں جیسا کہ کاروبار اور انسانی حقوق کے بارے میں انسانی حقوق کے عالمی اعلامیہ اور اقوام متحدہ کے رہنما اصولوں میں بیان کیا گیا ہے۔ ہم انسانی حقوق کی خلاف ورزی سے بچنے اور اپنی سرگرمیوں اور اپنی مصنوعات سے اور ان سرگرمیوں کے نتیجہ میں انسانی حقوق پر پڑنے والے اثر کو دور کرنے کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں جو ہمارے کاروباری شراکت داران ہمارے لیے انجام دیتے ہیں۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ ہمارے کاروباری شراکت داران مساوی اقدار کو بروئے کار لائیں گے اور جہاں ضرورت ہو وہاں ان کے نفاذ میں سرگرمی کے ساتھ ان کا تعاون کریں گے۔

ہم اپنے ساتھیوں، کاروباری شراکت داران اور ہماری سرگرمیوں یا مصنوعات سے متاثر ہونے والے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ انسانی حقوق پر پڑنے والے کسی بھی امکانی اثر یا ضابطہ کی خلاف ورزی کے بارے میں شکایات کریں۔ ہم ان شکایات پر منصفانہ طریقہ سے، خفیہ طور پر اور قوانین کے مطابق توجہ دیتے ہیں۔

ہم ایک پرکشش آجر، کاروباری شراکت دار اور ان کمیونٹیز کا ممبر بنے رہنے کے لیے مستقل بہتری کے تئیں عہدبند ہیں جن میں ہم کام کرتے ہیں۔

### ملازمتی رشتے

ہم مساوی مواقع کی بنیاد پر ملازمت کے لیے بہترین افراد کی خدمات حاصل کرتے ہیں اور ذاتی اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ ہم اپنے ساتھیوں کے پھلنے پھولنے اور ترقی کرنے کی خاطر ان کے لیے صحیح حالات فراہم کرتے ہیں، اور ہم میں سے ہر ایک اپنی ذاتی ترقی کا عہد کرتا ہے۔

ہم مقام کار میں بنیادی اصولوں اور حقوق سے متعلق انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) کے اعلامیہ کے اصول لاگو کرتے ہیں۔ ہم لوگوں کو ان کی مرضی کے خلاف ملازمت میں نہیں رکھتے ہیں یا انہیں ان کے حقوق سے محروم نہیں کرتے ہیں۔ ہم قانونی کم سے کم عمر کی شرائط کی تعمیل کرتے ہیں جیسا کہ متعلقہ ILO کنونشنز اور ان ممالک کے قوانین میں بیان کیا گیا ہے جن میں ہم کام کرتے ہیں، اور ہم 16 سال سے کم عمر کے بچوں کو ملازمت میں نہیں رکھتے ہیں۔

ہم لوگوں کے ساتھ وقار اور احترام کے ساتھ پیش آتے ہیں، اور ہم تنوع کی تائید کرتے ہیں۔ ہم ثقافت، قومیت، نسل، مذہب، صنف، معذوری، ایسوسی ایشن، جنسی رجحان یا عمر کے واسطہ سے ہراساں یا امتیاز نہیں کرتے ہیں۔

ہم یقینی بناتے ہیں کہ کام کے گھنٹے اور معاوضہ قوانین سے مطابقت رکھتے ہوں اور معقول اور منصفانہ ہیں۔ ہم آزادئ رائے اور ایسوسی ایشن کے انفرادی حقوق کا احترام کرتے ہیں، اور ہم اجتماعی سودے بازی اور باہمی عزم کے حق کا احترام کرتے ہیں۔

### ماحول اور کمیونٹی

ہم ہر اس ملک میں تمام ماحولیاتی قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرنے کے تئیں عہدبند ہیں جن میں ہم کام کرتے ہیں۔ ہم اپنے کاربن کے اخراج کو کم کرتے ہوئے، کم توانائی استعمال کرتے ہوئے اور اپنی سرگرمیوں میں کم فضلہ پیدا کرتے ہوئے اپنے ماحولیاتی اثر کو کم کرنے پر توجہ دیتے ہیں۔ ہم ماحول دوست ٹیکنالوجی تیار کرتے ہیں اور ذمہ دارانہ طریقہ سے کم وسائل سے زیادہ کرنے کے لیے اپنے کاروباری شراکت داران کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

جب معاشرے اور ان کمیونٹیز کے ساتھ تعاون کرنے کی بات آتی ہے جن میں ہم کام کرتے ہیں تو ہم اپنے کردار اور ذمہ داریوں کو پوری طرح سمجھتے ہیں۔ جب بھی ممکن ہو، ہم جب موزوں ہو اپنی مصنوعات کا استعمال کرتے ہوئے، مستحق اور تحفظ پسندانہ منصوبہ جات اور کازیز میں تعاون کر کے AkzoNobel برانڈ کو سامنے لانے میں مدد کرنے کے لیے، لوگوں اور تنظیموں کے ساتھ کام کرتے ہوئے اپنے ارد گرد کی دنیا میں ایک مثبت فرق لاتے ہیں۔ کمیونٹی سرگرمیوں میں شامل ہونے کے لیے ہم میں سے ہر ایک کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، جب تک کہ یہ مفاد کے ٹکراؤ کا باعث نہ بنے۔

### یک ہولڈر کے رشتے

ہم اپنے گاہکوں کے ساتھ ان کی منڈیوں اور ضروریات کو سمجھنے کے لیے کام کرتے ہیں۔ ہم اپنے کلیدی مالی، معاشرتی اور ماحولیاتی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ شفاف اور غیر جانبدارانہ بات چیت کرتے ہیں اور اس بات چیت سے حاصل شدہ جانکاری کو سربرآوردہ تحفظ پسندانہ حل تیار کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

### کاروباری رشتے

ہم ان شراکت داران کے ساتھ کاروبار کرنا چاہتے ہیں جن کے اخلاقی، معاشرتی اور ماحولیاتی معیار ہمارے اپنے معیار سے مطابقت رکھتے ہیں۔ ہم ان معیارات کا استعمال یہ فیصلہ کرنے کے لیے کرتے ہیں کہ آیا کاروباری شراکت داران کے ساتھ رشتے بنائے یا جاری رکھے جائیں۔ ہم اپنے کاروباری شراکت داران سے توقع کرتے ہیں کہ وہ اپنا کاروبار ہمارے بزنس پارٹنر کے ضابطۂ اخلاق کے مطابق چلائیں گے۔



# ”ہم سبکو ایککردار ادا کرنا ہے“

میریکی، گلوبل ایستھک سنٹر

**سوال**

**میرے ٹیم ممبران میں سے ایک شخص مزید پیسے کمانے کے لیے اضافی گھنٹے کام کرنے کے لیے کہتا ہے۔ وہ اس ہفتہ پہلے ہی کافی اوور ٹائم کر چکا ہے۔ کیا میں اس گزارش کو منظوری دے سکتا ہوں؟**

**جواب**

اوور ٹائم کی اجازت اس وقت تک ہے جب تک کہ یہ مقامی قانونی شرائط اور انتظامیہ کی ہدایات سے آگے نہیں بڑھتا ہے اور اگر یہ متعلقہ حالات کے تحت محفوظ ہے۔

**سوال**

**میں اپنی ٹیم میں ایک عہدہ کے لیے تقرری کر رہا ہوں۔ ایک شناسا امیدواروں میں سے ایک ہے۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**جواب**

صرف اس صورت میں پیش رفت کریں جب ایک منصفانہ اور شفاف تقرری کی کارروائی اور فیصلہ پایا جاتا ہو، جو انتظامیہ کے ذریعہ منظور کیا گیا ہو اور ذاتی مفادات سے متاثر نہ ہوا ہو۔

**سوال**

**میں ایک تقسیم کار کی تقرری کرنے والا ہوں۔ وہ تصدیق نہیں کرتا ہے کہ وہ ہمارے ضابطہ کی تعمیل کرے گا۔ میں کیا کروں؟**

**باوج**

تقسیم کار کے لیے ہمارے ضابطہ پر دستخط کرنا ضروری نہیں ہے، لیکن ان اقدار کی تعمیل کے لیے تحریری شکل میں تصدیق کرنا لازمی ہے جو ہماری اقدار کے مساوی ہوں۔ اگر ان کی اقدار بہت زیادہ مختلف ہیں تو آپ کو محکمۂ قانون سے رجوع کرنا چاہیے۔

# یہ صحیح کام کرنے سے متعلق ہے

ہمارا ضابطہ رویہ کے ان اعلی معیارات کو بیان کرتا ہے جن کی ہم سے ہمیشہ توقع کی جاتی ہے۔ ہر وہ شخص جو AkzoNobel کے لیے کام کرتا ہے اس کے لیے ضابطۂ اخلاق اور بنیادی پالیسیوں، اصولوں اور طریق کار کی تعمیل کرنا لازمی ہے۔ تعمیل کے پروگرام کے حصہ کے طور پر، ہم سے ضابطۂ اخلاق کے سالانہ تعمیلی اعلامیہ کی تصدیق کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ اگر ضابطہ کی کوئی شق قانون سے ٹکراتی ہے تو قانون کو فوقیت حاصل ہوتی ہے۔ جب شبہ ہو تو ہمیں اپنے منیجر یا محکمۂ قانون سے رابطہ کرنا چاہیے۔

## سوچنے کے لیے وقت لینا

ہمیں کبھی کبھی ایسے حالات کا سامنا ہوتا ہے جب کوئی واضح جواب نہیں ملتا ہے۔
اگر ہمیں معلوم نہ ہو کہ کیا کریں تو ہمیں رکنا چاہیے اور خود سے پوچھنا چاہیے:

- کیا میں خطرات اور اثرات کو سمجھتا ہوں؟
- کیا یہ قانونی ہے؟
- کیا یہ ہمارے ضابطہ کی تعمیل کرتا ہے؟
- کیا یہ معقول اور ایماندارانہ عمل ہے؟
- کیا اس کا مجھ پر اور کمپنی پر اچھا اثر پڑے گا؟
- اگر یہ خبر میں آجائے تو کیا مجھے ٹھیک لگے گا؟

اگر ان میں سے کسی بھی سوال کا جواب "نہیں" ہے تو ہمیں اسے نہیں کرنا چاہیے۔ اگر ہمیں معلوم نہیں ہے تو ہمیں اپنے منیجر، قانونی، HR یا ہمارے کمپلائنس آفیسر سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیے۔

## تشویشات ظاہر کرنا

اگر ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے ضابطہ کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے، یا کی جانے والی ہے، تو ہمیں کارروائی کرنی چاہیے۔ ہم:

- متعلقہ شخص سے بات کر سکتے ہیں
- اپنے منیجر، HR بزنس پارٹنر یا کمپلائنس آفیسر سے بات کر سکتے ہیں
- آواز بلند کریں (SpeakUp!)

اگر کوئی خلاف ورزی کمپنی یا کسی فرد کے لیے قابل لحاظ نتائج کا باعث بن سکتی ہے تو اس کی اطلاع فورا انتظامیہ یا محکمۂ قانون کو دی جانی چاہیے۔



# آواز بلند کریں (SpeakUp!)

کسی خلاف ورزی یا تشویش کی اطلاع SpeakUp! کے واسطہ سے تین طرح سے دی جا سکتی ہے:

**ہیلپ لائن پر کال کریں**
ایک آپریٹر آپ کی تشویشات سنے گا اور سوالات پوچھے گا۔ ہیلپ لائن کا جواب انگریزی میں دیا جاتا ہے، لیکن کوئی ترجمان کال میں شامل ہو سکتا ہے۔ SpeakUp! پورٹل کے صفحوں میں مخصوص ممالک کی ہیلپ لائن کے نمبرات کا عمومی جائزہ دستیاب ہے۔ یہ ہیلپ لائنیں ٹول-فری ہیں اور 24/7 دستیاب ہیں

**ویب سائٹ کا استعمال کریں**
آپ SpeakUp! کے ذریعہ بواسطہ www.akzonobel.com، یا داخلی طور پر بواسطہ Connect رپورٹ درج کرا سکتے ہیں

SpeakUp! مینول وضاحت کرتا ہے کہ رپورٹ وصول ہونے کے بعد کیا ہوتا ہے۔ رپورٹس خفیہ رکھی جائیں گی۔ رپورٹس گمنام طور پر جمع کی جا سکتی ہیں، تاہم شناخت کے انکشاف کے ذریعہ تفتیش میں سہولت پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ SpeakUp! کے بارے میں مزید رہنمائی کے لیے، SpeakUp! کا پورٹل دیکھیں۔

AkzoNobel کھلی بات چیت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہر رپورٹ کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔ نیک نیتی کے ساتھ ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی اطلاع دینے کے لیے کوئی پابندی نہیں ہے، خواہ وہ رپورٹ بے بنیاد ہو۔ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ صحیح کام کریں۔

www.akzonobel.com

We supply the sustainable and innovative paints and coatings that our customers, communities – and the environment – are increasingly relying on. Our world class portfolio of brands – including Dulux, International, Sikkens and Interpon – is trusted by customers around the globe. We're active in more than 150 countries and have set our sights on becoming the global industry leader. It's what you'd expect from a pioneering paints company that's committed to science-based targets and is taking genuine action to address globally relevant challenges and protect future generations.

© 2023 Akzo Nobel N.V. All rights reserved.

AN_205149_090523